**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# تمام آپریشن سرکلز انچارج کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

## صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ترجمان آئیسکو

صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے بارے میں بہتر آ گاہی اوران کے بروقت ازالے کوممکن بنانے کے لیے آئیسکوانتظامیہ نے تمام آپریشن سرکلز میں مورخہ 23اکتوبر2025(بروز جمعرات)صبح10:00سے دن12:00بجے تک منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کردیا ہے۔جس کے مطابق ایس ای اسلام آباد سرکل بمقام آئیسکو بھارہ کہو رورل سب ڈویژن اسلام آباد،ایس ای راولپنڈی سٹی سرکل بمقام آئیسکو کمال آباد سب ڈویژن راولپنڈی،ایس ای راولپنڈی کینٹ سرکل بمقام بلال مارکی رنیال راولپنڈی،ایس ای اٹک سرکل بمقام آئیسکوحسن آباد سب ڈویژن،ایس ای جہلم سرکل بمقام آئیسکو ڈومیلی سب ڈویژن جہلم اورایس ای چکوال سرکل بمقام آئیسکو چوآسیدان شاہ سب ڈویژن میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گےجن کی براہ راست نگرانی چیف ایگزیکٹیوآئیسکوانجینئر خالد محمود کریں گے۔صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کےحل اورتجاویز کے لئے کھلی کچہریوں میں شرکت کریں،مزید معلومات کے لئے کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 34-0519252933پررابطہ کریں۔